بائیسویں قسط

بیاناتِ خوشتر رحمۃ اللہ علیہ

# فضائل محرم الحرام

شیخِ طریقت، رہبرِ شریعت، مبلغ اسلام

حضرت علامہ مولانا

## حافظ محمد ابراہیم خوشتر رحمۃ اللہ علیہ

صدیقی قادری رضوی حامدی

زیرسرپرستی

شہزادہ علامہ خوشتر، پیرطریقت حضرت علامہ مولانا محمد مسعود اظہر قادری رضوی
سجادہ نشین خوشتر

زیرسایہ

شہزادہ علامہ خوشتر حضرت صاحبزادہ الحاج محمد میاں خوشتر صدیقی قادری
خلیفہ تاج الشریعہ

باہتمام

مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی
سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل


مکتبہ دارالرضا

عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل جھنگ سٹی

TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501

www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com

DAR-UL-RAZA

بسم الله الرحمن الرحيم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نام کتاب:..................بیاناتِ خوشتر ''رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ'' (بائیسویں قسط)

اسپیکر:..................حضرت علامہ مولانا محمد ابراہیم خوشتر قادری ''رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ''

موضوع:..................فضائل محرم الحرام

زیرِ سرپرستی:..................شہزادہ علامہ خوشتر حضرت مولانا محمد مسعود اظہر سجادہ نشین

زیرِ سایہ:..................شہزادہ علامہ خوشتر حضرت صاحبزادہ الحاج محمد میاں خلیفہ تاج الشریعہ

زیرِ نگرانی:..................حضرت علامہ مولانا مفتی ابونعمان عرفان شریف مدنی

بااہتمام:..................مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی

رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

تحریر وترتیب:..................حافظ محمد اصغر عطاری (شعبہ تحریرات دارالرضا انٹرنیشنل)

صفحات:..................7

پبلشر:..................مکتبہ دارالرضا جھنگ سٹی

جملہ حقوق بحقِ ناشر محفوظ ہیں

مکتبہ دارالرضا

عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل

بستی شہنی والی، وارڈ نمبر 7، پرانا چنیوٹ روڈ، جھنگ سٹی

TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501

www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم o فاعوذ باللّٰہ من الشیطن الرجیم

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم o

وذکرھم بایام اللہ

صدق اللہ مولانا العظیم وصدق رسولہ النبی الکریم ونحن علی

ذالک من الشاھدین والشاکرین والحمدللہ رب العالمین

قال اللّٰہ تبارک وتعالی فی شانِ حبیبہ o ان اللّٰہ وملئکتہ یصلون علی

النبی ط یاایھاالذین امنو صلو علیہ وسلموا تسلیما o

اللّٰھم صل علی سیدنا ومولانا محمد وعلی ال سیدنا ومولانا محمد

وبارک وسلم

## فضائل ماہِ محرم الحرام

رب کریم کا ارشاد ہے کہ ''اور یاد دلاؤ اُن کو اللہ کے دن'' اب دیکھنا یہ ہے کہ وہ کون سے دن ہیں جن کو رب کریم بڑے اہتمام سے یاد دلانے کا حکم فرما رہا ہے۔ مفسرین کرام ارشاد فرماتے ہیں کہ ''ایام اللہ'' سے مراد وہ دن ہیں جن میں اللہ نے اپنے بندوں پر انعام فرمایا یہی وجہ ہے کہ ملتِ اسلامیہ میں جب وہ دن آجاتے ہیں تو ہر مسلمان اپنے اپنے طور پر خوشیوں کا، مسرتوں کا اظہار کرتا ہے۔ کوئی ذکر وتلاوت سے دل کو آرام دیتا ہے تو کوئی درود وسلام سے روح کو تسکین پہنچاتا ہے۔ مسجدیں اللہ کے بندوں کے سجدوں سے آباد وشاد نظر آتیں ہیں۔ اِن مقدس دنوں میں اسلامی سال کا

پہلا مہینہ ماہِ محرم الحرام ہے۔پہلی امتوں میں بھی یہ مبارک ، معظم سمجھا جاتا تھا اور اِس امت میں بھی یہ ماہِ مقدس محترم ہے ۔اب دیکھنا یہ ہے کہ ماہِ محرم میں ہمیں کیا کرنا چاہئے ۔آپ جانتے ہیں کہ محرم کی دسویں تاریخ جس کا نام روزِ آشورہ ہے دنیا کی نظروں میں یہ انتہائی فضیلت اور عزت وعظمت والا دن ہے۔یہی وہ دن ہے کہ جس میں حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول ہوئی ۔اسی دن میں حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی امن وسلامتی کے ساتھ جودی پہاڑ پر پہنچی ۔اسی دن حضرت ابراہیم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اسی دن آپ کو خلیل اللہ کا لقب ملا اور اسی دن آپ نے نمرود کی آگ سے نجات پائی ۔یہی وہ دن ہے کہ جس میں حضرت سلیمان علیہ السلام کو سلطنت ملی ۔اور یہی وہ دن ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام کی بلائیں ختم ہوئیں ۔یہی وہ دن ہے کہ حضرتِ ادریس علیہ السلام ،حضرتِ عیسی علیہما السلام آسمانوں پر اُٹھائے گئے ۔یہی وہ دن ہے کہ دریا بنی اسرائیل پر پھٹ گیا اور فرعون لشکر سمیت دریا میں غرق ہوگیا۔اسی دن حضرتِ موسی علیہ السلام کو فرعون سے نجات ملی اور اسی دن حضرتِ یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ سے زندہ و سلامت باہر تشریف لے آئے ۔یہی وہ دن ہے کہ جس میں حضرتِ امام حسین عالی مقام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نے اپنے رفقا کے ساتھ جام شہادت نوش فرما کر قیامت تک کیلئے حق کے پرچم کو سربلند کردیا۔

## شبِ عاشورہ کے اعمال

عاشورہ کی رات میں چار رات نمازِ نفل اس ترتیب سے پڑھے کہ ہر رکعت میں آیت

الکرسی ایک بار، اور سورۃ اخلاص تین تین بار پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر سو مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھے تو گناہوں سے پاک ہوگا اور رب کریم بہشت میں نعمتیں اسے عطا فرمائے گا۔

نویں اور دسویں محرم دو دن کا روزہ رکھنا چاہئے اور اگر نہ ہو سکے تو عاشورہ کے دن کا ہی روزہ رکھے تو اِس دن کا ثواب بھی بڑا ہے۔

## عاشورہ کے دن دس چیزوں کو علماء نے مستحب لکھا ہے۔

روزہ رکھنا، صدقہ کرنا، نمازِ نفل پڑھنا، ایک ہزار مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھنا، علماء کی زیارت کرنی، یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرنا، اپنے اہل و عیال کے رزق میں وسعت کرنا، غسل کرنا، سرمہ لگانا، ناخن تراشنا۔

## اِس کے علاوہ تین چیزیں اور بھی مستحب ہیں۔

مریضوں سے بیمار پرسی، دشمنوں سے ملاپ کرنا اور دعائے عاشورہ پڑھنا۔

## فضیلت دعائے عاشورہ

حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص طلوعِ آفتاب سے غروبِ آفتاب تک جو کوئی اِس دعا کو پڑھ لے یا کسی سے پڑھوا کر سن لے تو یقیناً سال بھر تک اُس کی زندگی کا بیمہ ہو جائے گا۔ یعنی ہرگز موت نہ آئے گی، اور اگر موت آنی ہوئی تو عجیب اتفاق ہوگا کہ یہ دعا پڑھنے کی توفیق نہ ہوگی۔

## دعائے عاشورہ

يَا قَابِلَ تَوْبَةِ اٰدَمَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ يَا فَارِجَ كَرْبِ ذِى النُّوْنِ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ يَا جَامِعَ شَمْلِ يَعْقُوْبَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ يَاسَامِعَ دَعْوَةِ مُوْسٰى وَ هَارُوْنَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ يَا مُغِيْثَ اِبْرَاهِيْمَ مِنَ النَّارِ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ يَا رَافِعَ اِدْرِيْسَ اِلَى السَّمَآءِ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ يَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ صَالِحٍ فِى النَّاقَةِ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ يَا نَاصِرَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ يَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَاوَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَاقْضِ حَاجَاتِنَا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَطِلْ عُمْرَنَا فِى طَاعَتِكَ وَ مَحَبَّتِكَ وَرِضَاكَ وَاَحْيِنَا حَيٰوةً طَيِّبَةً وَتَوَفَّنَا عَلَى الْاِيْمَانِ وَالْاِسْلَامِ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ بِعِزِّ الْحَسَنِ وَاَخِيْهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ وَجَدِّهٖ وَبَنِيْهِ فَرِّجْ عَنَّا مَا نَحْنُ فِيْهِ

پھر سات بار پڑھیں۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءُ الْمِيْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضٰى وَزِنَةَ الْعَرْشِ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَعَدَدَ كَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ كُلِّهَا نَسْئَلُكَ السَّلَامَةَ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَهُوَ حَسْبُنَا وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ وَلَا

حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ عَدَدَ ذَرَّاتِ الْوُجُوْدُ وَعَدَدَ مَعْلُوْمَاتِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

## سال بھر کیلئے رزق میں برکت کا نسخہ

اِس کے علاوہ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص عاشورہ کے دن اپنے بال بچوں کے کھانے پینے کو خوب بہت زیادہ فراخی اور کشادگی کرے گا یعنی زیادہ کھانا تیار کرواکر خوب پیٹ بھر بھر کر کھلائے گا اللہ تعالیٰ سال بھر اُس کے رزق میں وسعت اور خیر و برکت عطا فرمائے گا۔ مجالسِ محرم بالخصوص دسویں محرم عاشورہ کے دن مجلس قائم کرنا اور صحیح روایتوں کے ساتھ شہداء کربلا کے فضائل اور واقعاتِ کربلا کو بیان کرنا جائز اور باعثِ ثواب ہے۔

وما علینا الا البلغ المبین

# سال بھر کیلئے رزق میں برکت کا نسخہ

اِس کے علاوہ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص عاشورہ کے دن اپنے بال بچوں کے کھانے پینے کو خوب بہت زیادہ فراخی اور کشادگی کرے گا یعنی زیادہ کھانا تیار کروا کر خوب پیٹ بھر بھر کر کھلائے گا اللہ تعالیٰ سال بھر اُس کے رزق میں وسعت اور خیر و برکت عطا فرمائے گا۔ مجالسِ محرم بالخصوص دسویں محرم عاشورہ کے دن مجلس قائم کرنا اور صحیح روایتوں کے ساتھ شہداء کربلا کے فضائل اور واقعاتِ کربلا کو بیان کرنا جائز اور باعثِ ثواب ہے


باہتمام
مولانا محمد ابراھیم خوشتر میموریل سوسائٹی
سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل
مکتبہ دارالرضا
DAR-UL-RAZA
عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل جھنگ سٹی


TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501
www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com